## مشقی سوالات

1- مندرجہ ذیل سوالات کے مفصل جوابات لکھیں:

(i) وادیٔ سندھ کی تہذیب کی دریافت کیسے ہوئی نیز قدیم تہذیب کے آثار کہاں کہاں سے ملے ہیں؟

(ii) نقشہ کی مدد سے ان راستوں کی نشاندہی کریں جن کے ذریعے وادیٔ سندھ کے اپنی ہم عصر تہذیبوں سے تعلقات استوار ہوئے۔

تاریخ : باب نمبر1
جماعت ششم

(iii) وادیٔ سندھ کا سماجی ڈھانچا اور مذہبی عقائد بیان کریں۔

(iv) وادیٔ سندھ کی زراعت اور تجارت پر نوٹ لکھیں۔

(v) وادیٔ سندھ کی شہری منصوبہ بندی کی نمایاں خصوصیات بتائیں۔

2- ذیل میں ہر سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں، درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں:-

(i) وادیٔ سندھ میں کون سا شہر مرکزی مقام کا درجہ رکھتا تھا؟

(الف) موہنجوداڑو (ب) ٹیکسلا (ج) ملتان (د) ہڑپہ

(ii) وادیٔ سندھ کی تہذیب کے لوگوں کی اکثریت کس پیشہ سے تعلق رکھتی تھی؟

(الف) زراعت (ب) صنعت (ج) ماہی گیری (د) مزدوری

(iii) وادیٔ سندھ کی تہذیب کو کس نے تباہ کیا؟

(الف) مقامی لوگوں نے (ب) آریاؤں نے (ج) ہندوؤں نے (د) مصریوں نے

(iv) وادیٔ سندھ میں کون سا جانور تہذیب کا نشان سمجھا جاتا تھا؟

(الف) گھوڑا (ب) بیل (ج) گائے (د) بھیڑ

(v) وادیٔ سندھ کے لوگ کس قسم کے تھے؟

(الف) مہذب (ب) غیر مہذب (ج) جنگجو (د) پسماندہ



مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:

وادیٔ سندھ کی تہذیب کہاں واقع ہے؟

(ii) وادیٔ سندھ کی تہذیب کے اہم شہروں کے نام لکھیں۔

وادیٔ سندھ میں لوگوں کا اہم پیشہ کیا تھا؟

(iv) وادیٔ سندھ کے لوگ کن کن تہذیبوں سے تجارت کرتے تھے؟

مقامی لوگ (دراوڑ) آریاؤں کی آمد کے بعد کہاں چلے گئے؟

کالم الف کو کالم ب سے اس طرح ملائیں کہ جملہ مکمل ہو جائے:-

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| وادیٔ سندھ کے لوگ بیل کو | تیار کیے جاتے تھے |
| وادیٔ سندھ میں گندے پانی کی نکاسی کا | زرخیز تھی |
| وادیٔ سندھ کی زمین | باربرداری کے لیے استعمال کرتے تھے |
| وادیٔ سندھ کے لوگ | عمدہ انتظام تھا |
| وادیٔ سندھ میں اوزار کانسی سے | پرامن زندگی بسر کرتے تھے |

## عملی سرگرمیاں

1. وادیٔ سندھ سے ملنے والی اشیا کی تصاویر جماعت کے کمرے میں آویزاں کریں۔
2. طلبا کو کسی میوزیم کی سیر کروائی جائے۔
3. طلبا گاؤں یا شہر میں بھٹوں پر اینٹیں بننے اور پکنے کے عمل کو دیکھیں اور رپورٹ تیار کر کے جماعت میں پیش کریں۔

# باب (تاریخ) نمبر 1 . جماعت: ششم

## مختصر سوالات کے جوابات۔

ج 1: وادی سندھ کی تہذیب کے آثار سندھ میں موہنجوڈرو اور پنجاب میں دریائے راوی کے کنارے ہڑپہ (ضلع ساہیوال) میں پائے گئے۔

ج 2: وادی سندھ کی تہذیب کے اہم شہر یہ ہیں۔
(i) موہنجوڈرو (ii) ہڑپہ (iii) کوٹ ڈیجی
(iv) مہر گڑھ (v) آمری (vi) سکھر۔

ج 3: وادی سندھ میں لوگوں کا اہم پیشہ زراعت تھا۔ لوگ دریاؤں کے کنارے کھیتی باڑی کرتے تھے۔

ج 4: وادی سندھ کے لوگ قدیم سمیری، مصری، عراقی اور ایرانی تہذیبوں سے تجارت کرتے تھے۔

ج 5: وادی سندھ کے لوگ مہذب، پُرامن اور ترقی یافتہ تھے۔ جب آریاؤں نے وادی سندھ پر حملہ کیا تو مقامی باشندے ان کا مقابلہ نہ کر سکے۔ آریا یہاں کے باشندوں کو جنوب مشرق کی طرف دھکیل کر ان علاقوں پر قابض ہو گئے۔

جماعت ششم

# تاریخ

## باب نمبر 1

### تفصیلی جوابات:

س نمبر 1: صفحہ نمبر 2 وادی سندھ کی تہذیب تا صفحہ نمبر 3 وادی سندھ کی تہذیب کے اہم شہر (موہنجوداڑو اور ہڑپہ) مکمل۔

س نمبر 2: صفحہ نمبر 4 تا صفحہ نمبر 5 (دوسری ہم عصر تہذیبوں سے تعلقات)

س نمبر 3: صفحہ نمبر 5 (وادی سندھ کے لوگوں کے مذہبی عقائد) تا صفحہ نمبر 9 (مقامی آبادی کا انخلاء) تمام نکات مختصراً بیان کرنے ہیں۔

س نمبر 4: صفحہ نمبر 6 زراعت تا صفحہ نمبر 7 بیل کی موجودگی اور تجارتی سرگرمیاں مکمل۔

س نمبر 5: صفحہ نمبر 8 شہری منصوبہ بندی اور طرزِ تعمیر اور نکاسئ آب کا انتظام مکمل۔

تاریخ :

باب نمبر 2

جماعت : ششم

تفصیلی جوابات :

س نمبر 1 : صفحہ نمبر 12 برِصغیر کی قدیم تاریخ کا سبب سے اہم واقعہ اس خطے میں آریاؤں کی آمد ہے تا صفحہ نمبر 13 اصل وطن۔

س نمبر 2 : صفحہ نمبر 15 ذات پات کی تقسیم تا صفحہ نمبر 16 بدھ مت۔

س نمبر 3 : صفحہ نمبر 18 تا 19 سکندرِ اعظم کا حملہ مکمل۔

س نمبر 4 : صفحہ نمبر 15 ہندو مت تا صفحہ نمبر 16 بدھ مت اور جین مت مختصراً بیان کرنا ہے۔

س نمبر 5 : صفحہ نمبر 21 گپت حکومت کا قیام تا صفحہ نمبر 23 گپت خاندان کے آخری حکمران۔

### (i) قنوج

قنوج کا حکمران ''راجا بھوج'' تھا۔ نویں اور دسویں صدی میں اس ریاست کی وسعت گجرات ... پھیل گئی۔ مالوہ، راجپوتانہ اور گجرات کی ریاستیں بھی اس میں شامل تھیں۔ راجپوتوں نے بارھویں صدی میں ... کرلیا۔ اُن حکمرانوں میں ''پرتھوی راج چوہان'' نمایاں تھا جسے 1165ء سے 1192ء تک خاصی شہرت حاصل ...

### (ii) دہلی

دسویں صدی کے آخر میں تومار خاندان نے دہلی پر قبضہ کرلیا۔ اس خاندان کا بانی راجا اننگ پال تھا۔ ... میں دہلی پر چوہان راجپوتوں نے قبضہ کرلیا۔

### (iii) تامل

دسویں اور گیارھویں صدی عیسوی میں جنوبی ہندوستان میں تامل ریاست قائم ہوئی جو دکن سے سری لنکا تک پھیلی ہوئی ...

### (iv) بنگال و بہار

آٹھویں صدی میں ''پال خاندان'' نے بنگال اور بہار پر قبضہ کرلیا۔ گیارھویں صدی عیسوی میں ''سین خاندان'' حکمران بن گیا۔ بختیار خلجی نے 1203ء میں اس علاقہ کو دہلی سلطنت کا حصہ بنالیا۔

### (v) جنوبی ہند

راشٹرکوٹ خاندان نویں صدی عیسوی کے آغاز سے 973ء تک جنوبی ہند میں حکومت کرتا رہا۔ اس کے ... ''چالوکیا'' خاندان کی حکومت بنی۔ ''یادو'' خاندان 1200ء میں اس ریاست پر قابض ہوگیا۔

تاریخ: باب نمبر 2 جماعت: ششم

## مشقی سوالات

1- مندرجہ ذیل سوالات کے مفصل جوابات لکھیں:

(i) آریا کہاں کے رہنے والے تھے؟ برصغیر میں ان کی آمد کا مفصل حال بیان کریں۔

(ii) ذات پات کے نظام پر روشنی ڈالیں۔

(iii) سکندرِ اعظم اور راجا پورس کے درمیان جنگ کا حال لکھیں۔

(iv) ہندومت، جین مت اور بدھ مت کے مذہبی خیالات مختصر تحریر کریں۔

(v) گپت حکومت کے قیام اور ہندومت کے احیا کا ذکر کریں۔

2- ذیل میں ہر سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں، درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں:

(i) جنوبی ایشیا میں آریا کہاں سے آئے؟

(الف) وسط ایشیا (ب) مشرق وسطیٰ (ج) یونان (د) چین

(ii) آریاؤں نے جنوبی ایشیا میں آ کر کس کو شکست دی؟

(الف) دراوڑوں کو (ب) ترکوں کو (ج) سمیریوں کو (د) چینیوں کو

(iii) اشوک جنگ کے بعد کس مذہب کا پیروکار بن گیا تھا؟

(الف) عیسائیت (ب) بدھ مت (ج) ہندومت (د) مجوسی مت

(iv) بدھ مت کی تعلیمات میں واضح طور پر کس بات کا ذکر ملتا ہے؟

(الف) مساوات (ب) ذات پات (ج) تشدد (د) اشنان

(v) مہاویر کس مذہب کا بانی تھا؟

(الف) ہندومت (ب) جین مت (ج) سکھ مت (د) بدھ مت

3- مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:

(i) آریائی معاشرہ کتنے حصوں میں تقسیم تھا؟

(ii) گوتم بدھ کون تھا؟

(iii) جین مت کا بانی کون تھا؟

(iv) چندر گپت موریا کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(v) سمدر گپت کون تھا؟

کالم ملائیں۔

4- کالم الف کو کالم ب سے اس طرح ملائیں کہ جملہ مکمل ہو جائے:

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| آریاؤں کا اصل وطن | کی پوجا کرتے تھے |
| آریائی لوگ مختلف | جین مت کا بانی تھا |
| آریا مظاہر فطرت | قبائل میں تقسیم تھے |
| مہاویر | ہندومت کا احیا ہوا |
| گپت عہد میں | وسط ایشیا تھا |

## عملی سرگرمیاں

طلبا، سکندرِ اعظم سے لے کر چندر گپت ثانی تک بادشاہوں کے دورِ حکومت کی تصویری منظر کشی کریں۔

جماعت: ششم

# تاریخ : باب نمبر 2

## مختصر سوالات کے جوابات :

ج 1 : آریائی معاشرہ چار حصوں میں تقسیم تھا۔
(1) برہمن (2) کھشتری (3) ویش (4) شودر

ج 2 : گوتم بدھ، بدھ مت کا بانی تھا۔ وہ 563 ق م قبل مسیح میں "کپل وستو" میں پیدا ہوا۔ اس کا اصل نام "سدھارتھ" تھا۔ گوتم بدھ نے ہندوؤں کے ذات پات کے تصور کو ختم کر کے مساوات کا درس دیا۔

ج 3 : جین مت کا بانی مہاویر تھا۔ وہ پٹنہ (بھارت) کے قریب ایک قصبے ویشالی میں 599 ق م میں پیدا ہوا۔ وہ مذہب پر برہمنوں کی اجارہ داری سے ناخوش تھا۔ اس نے عیش و عشرت کی زندگی چھوڑ کر مذہب کا پرچار کیا۔

ج 4 : چندر گپت موریا کا تعلق کھشتری خاندان سے تھا۔ اس نے ہندوستان میں ایک مضبوط حکومت قائم کی۔

ج 5 : سمدر گپت، چندر گپت موریا کا بیٹا تھا جو اپنے والد کے بعد تخت نشین ہوا۔ وہ ایک عظیم فاتح اور مدبر انسان تھا۔